## بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے اب تک 2 کروڑ 33 لاکھ 59 ہزار روپے کی امدادی اشیاء بھیجی چکی ہے، ایم کیوایم

## کوئٹہ میں حق پرست سینیٹر محمد علی بروہی کا پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر)3،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد و بحالی کے کاموں کیلئے گزشتہ 5 روز کے دوران ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی کئی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں پہنچ کر ہزاروں لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کرچکی ہیں اور میں بھی گزشتہ روز ہی کراچی سے پی آئی اے کے طیارے کے ذریعے امدادی سامان کی چھوٹی بڑی کھیپ لیکر کوئٹہ پہنچا اور یہ امدادی سامان طیارے سے اترنے کے بعد ٹرکوں اپنی نگرانی میں لوڈ کرایا اور متاثرہ علاقوں کیلئے روانہ کیا۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز کوئٹہ پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم سندھ، بلوچستان ارو پنجاب کی نگراں کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور صوبائی فنانس سیکریٹری ڈاکٹر ارباب عبدالغنی کانسی کے علاوہ رضا کاران بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن ایک بین الاقوامی فلاحی تنظیم SUN کے اشتراک سے اب تک بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد و بحالی کیلئے اب تک مجموعی طور پر 2 کروڑ 33 لاکھ 59 ہزار روپے کی امدادی اشیاء متاثرہ علاقوں میں بھیج چکی ہے جنہیں ایم کیوایم کی امدادی ٹیمیں متاثرین میں تقسیم کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان زلزلہ متاثرین کیلئے سب سے پہلے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں بڑا امدادی کیمپ لگایا جہاں سے فوراً ہی امدادی سرگرمیاں شروع کردی گئی جبکہ اسی نوعیت کا ایک امدادی کیمپ کوئٹہ میں میزان باچا خان چوک پر بھی قائم ہے جہاں متاثرین زلزلہ کیلئے امدادی اشیاء اور عطیات وصول کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے بحالی اور امداد کے کاموں کو مقامی لوگوں نے بہت سراہا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔ ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ گزشتہ پانچ روز کے دوران نصف درجن بڑے کنٹینرز پر مشتمل امدادی اشیاء متاثرہ علاقوں میں بھیجی جا چکی ہیں جن میں بڑی تعداد میں رضائیاں، کمبل، خیمے، عارضی رہائش گاہیں، پینے کا صاف پانی، آٹا، گرم ملبوسات، خشک دودھ، چائے، صابن، چادریں، تکیہ، دریاں، درپس، اے ٹی ایس کے انجیکشن، سی پی ایم سیرپ، کھانے کا تیل، ڈبل بیڈ، بیڈ شیٹ، ٹوتھ پیسٹ، ماچس، کپڑے، جنریٹرز، موم بتیاں، ٹارچیں، آلات جراحی، جائے نماز، دالیں، چاول، فروٹ، راش کے تھیلے، واٹر کولر سمیت ادویات بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے رضا کاروں اور کارکنان بلوچستان زلزلہ زدگان کی عملی خدمت میں مصروف ہیں اور یہ سلسلہ متاثرین کی مکمل بحالی تک جاری رہے گا۔

## ایم کیوایم کے تحت 1600 کمبل کی کھیپ منگل کی صبح کوئٹہ روانہ کی جائے گی

کراچی۔۔۔3،نومبر 2008ء

بلوچستان میں زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر 1600 کمبل کی کھیپ منگل کی صبح کوئٹہ روانہ کی جائے گی جو کوئٹہ سے زیارت اور دیگر متاثرہ علاقوں کے عوام میں تقسیم کی جائے گی۔ زیارت میں قائم ایم کیوایم کے امدادی کیمپ میں متاثرین کی اکثریت نے سرد موسم میں زلزلہ متاثرین کی تکالیف کا ذکر کرتے ہوئے ایم کیوایم کے ذمہ داران کو بتایا ہے کہ زلزلہ سے متاثرہ افراد شدید سرد موسم میں کھلے آسمان تلے کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں اور انہیں کمبل کی اشد ضرورت ہے۔ اس موقع پر متاثرین نے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے کمبل کے عطیات کی درخواست کی تھی۔ جس کا نوٹس لیتے ہوئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر کمبل فراہم کرنے کی ہدایت جاری کی ہیں۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے 1600 کمبل کی کھیپ کل بروز منگل کی صبح بذریعہ ٹرین کوئٹہ روانہ کی جائے گی اور کوئٹہ سے زیارت سمیت زلزلہ سے متاثرہ دیگر علاقوں کے متاثرین میں تقسیم کی جائے گی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے زلزلہ زدگان کیلئے کراچی سے بذریعہ طیارہ بھیجا جانے والا امدادی سامان کوئٹہ سے چمن کے راستے زیارت روانہ کردیا گیا

## ایم کیوایم کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے امدادی سامان کوئٹہ ایئرپورٹ سے ٹرکوں میں لوڈ کرایا

## سینیٹر محمد علی بروہی کا کوئٹہ میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ، کارکنوں سے ملاقات، خود بھی امدادی سامان جمع کیا

کوئٹہ۔۔۔3، نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے کراچی سے بذریعہ طیارہ بھیجا جانے والا لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان کوئٹہ پہنچنے کے بعد چمن کے راستے زیارت روانہ کردیا گیا۔امدادی سامان کی اس کھیپ کو ایم کیوایم کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کوئٹہ ایئرپورٹ کے کارگو سے اپنی نگرانی میں ٹرکوں میں لوڈ کرایا۔امدادی سامان کی اس چھٹی کھیپ میں سینکڑوں کمبل اور رضائیاں شامل ہیں۔زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے کوئٹہ کے میزان چوک پر امدادی کیمپ بھی قائم کیا گیا ہے جہاں ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنان امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے ایم کیوایم کے امدادی کیمپ کا دورہ کیا، انہوں نے وہاں موجود کارکنوں سے ملاقات کی اور کارکنوں کے ہمراہ خود بھی زلزلہ زدگان کیلئے امدادی اشیاء وصول کیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنی بساط کے مطابق زلزلہ زدگان کی بھرپور امداد کررہی ہے اور یہ سلسلہ متاثرین کی بحالی تک جاری رہے گا۔

## بلوچستان زلزلہ متاثرین کی امداد کیلئے زیارت ایم کیوایم کے طبی امدادی کیمپ میں 350 سے زائد مریضوں کو علاج ومعالجہ کی سہولت فراہم کی گئی

## طبی امدادی ٹیم کے ارکان نے دوردراز کے دیہاتوں میں جاکر بھی متاثرین کو امدادی اشیاء اور طبی سہولیات فراہم کیں

زیارت۔۔۔3، نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے زیارت میں لگائے گئے مرکزی طبی وامدادی کیمپوں میں زلزلہ متاثرین کے علاج ومعالجہ اور انہیں امداد اشیاء کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبی امدادی کیمپ پر 350 سے زائد مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات اور ادویات امداد فراہم کی گئی۔طبی امدادی کیمپ میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کا عملہ زلزلہ سے متاثرہ افراد کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف ہے۔اسی طرح بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کی امدادی ٹیموں کی جانب سے زلزلہ سے متاثرہ افراد کو غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز امدادی ٹیم کے ارکان نے زلزلہ سے متاثرہ ضلع زیارت کے علاقوں ورچوم، کلی چنیٹی، کلی جلال الدین، کلی حاجی نور محمد اور دیگر دیہاتوں کا دورہ کیا اور زلزلہ متاثرین میں بڑی تعداد میں خیمے، کمبل، غذائی اجناس اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء تقسیم کیں۔

## سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر علی احمد کرد، وفاقی وزیر ہمایوں کرد، صوبائی وزیر اسماعیل گجر، جے یو آئی کے رہنما مولوی کفایت اللہ اور دیگر شخصیات نے زیارت میں ایم کیوایم کے مرکزی کیمپ کا دورہ کیا

## الطاف بھائی کے جذبہ خدمت خلق سے کبھی اختلاف نہیں کرسکتے، علی احمد کرد

## بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے خدمت کا عملی مظاہرہ دیکھا، وفاقی وزیر ہمایوں کرد

## صوبائی وزیر اسماعیل گجر نے مرکزی کیمپ پر ایم کیوایم کے رضاکاروں اور کارکنوں کو خراج تحسین پیش کیا

## جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولوی کفایت اللہ نے امدادی سرگرمیوں میں مشغول رضاکاروں اور کارکنوں کی حوصلہ افزائی کی

زیارت۔۔۔3، نومبر 2008ء

بلوچستان کی مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے زیارت میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لگائے گئے

امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی فلاحی سرگرمیوں کو سراہا۔تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر علی احمد کرد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پر بلوچستان بار کے چیئرمین جمال مندوخیل ایڈووکیٹ ، ہائی کورٹ بار کے صدر ہادی شکیل ایڈووکیٹ اور بلوچستان بار کے دیگر عہدیداران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔علی احمد کرد نے کیمپ پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم الطاف بھائی سے کے جذبہ خدمت خلق سے کبھی اختلاف نہیں کر سکتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے زلزلہ میں جو خدمات انجام دی وہ مثالی ہیں اور بلوچستان میں زلزلہ متاثرین کیلئے بھی ایم کیو ایم کی خدمت قابل تعریف ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سرد ترین موسم میں متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن جس جذبہ سے کام کررہے ہیں میں انہیں سلام پیش کرتا ہوں ۔دریں اثناء پیپلز پارٹی کے وفاقی وزیر ہمایوں کرد ، بلوچستان کے صوبائی وزیر اسماعیل گجر ، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولوی کفایت اللہ ، ڈائریکٹر ہیلتھ محمد حنیف خلجی اور یونا ئیٹڈ نیشن کے عہدیداران نے بھی ایم کیو ایم کے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر ہمایوں کرد نے کہا کہ بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے ایم کیو ایم کی جانب سے عملی خدمت کا مظاہرہ دیکھنے میں آرہا ہے اور اس جذبہ خدمت کا سہرا جناب الطاف حسین کے سر جاتا ہے ۔صوبائی وزیر اسماعیل گجر نے مرکزی کیمپ میں طبی وامدادی ٹیم کے ارکان سے ملاقات کی اور انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما مولوی کفایت اللہ نے ایم کیو ایم کے رضا کاروں اور کارکنوں کی حوصلہ افزائی کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قائد تحریک الطاف حسین کو صحت اور درازی عمر عطا فرمائے ۔ڈائریکٹر ہیلتھ محمد حنیف خلجی نے کہا کہ جناب الطاف حسین سیاست برائے خدمت کررہے ہیں اور میں انکے جذبہ کو سلام پیش کرتا ہوں ۔یونا ئیٹڈ نیشن کے عہدیداران نے ایم کیو ایم کے مرکزی کیمپ میں امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے بھرپور امداد کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## زیارت میں بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے لگایا گیا مرکزی کیمپ اہمیت اختیار کر دیا

## مرکزی کیمپ سے ایدھی ٹرسٹ ، پاک فوج کے جوانوں ، ای ڈی او ہیلتھ نے ادویات حاصل کیں

## ای ڈی او ہیلتھ کی درخواست پر مرکزی کیمپ سے چھ سو افراد کی OPD کیلئے ادویات فراہم کی گئیں

زیارت ۔۔۔3، نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے زیارت میں بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد کیلئے لگایا گیا مرکزی طبی وامدادی کیمپ اہمیت اختیار کر گیا ہے اور ایم کیو ایم کے امدادی کیمپ سے زلزلہ متاثرین کی امداد کرنے والے مختلف سماجی ادارے بھی استفادہ کررہے ہیں ۔تفصیلات کے مطابق زیارت میں لگائے گئے ایم کیو ایم کے اس طبی وامدادی کیمپ میں ایدھی ٹرسٹ کے مقامی عہدیداروں نے ایم کیو ایم کے ذمہ داران سے رابطہ کیا اور ایم کیو ایم کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی ٹیم کو زلزلہ زدگان کے علاج ومعالجہ کیلئے متاثرہ علاقوں میں لیکر گئے جہاں طبی ٹیم کے ارکان نے مختلف دیہاتوں میں جا کر زلزلہ متاثرین کا تفصیلی چیک کیا اور انہیں ادویات بھی فراہم کیں ۔اسی طرح ای ڈی او ہیلتھ کی درخواست پر ایم کیو ایم کے مرکزی کیمپ سے 600 افراد کی OPD کیلئے ادویات فراہم کی گئیں جبکہ ای ڈی او ہیلتھ نے زلزلہ زدگان کی طبی امداد کیلئے اپنی موبائل ٹیم کیلئے بھی ادویات کی درخواست کی ۔آر ایچ سی کوئٹہ کے ڈاکٹر چائلڈ اسپشلسٹ ڈاکٹر عبداللہ دوتانی نے مرکزی کیمپ میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران سے رابطہ کرکے بچوں کے امراض کی ادویات کی فراہمی کیلئے درخواست کی جبکہ پاک فوج کی جانب سے امدادی کام سرانجام دینے والے جوانوں نے بھی مرکزی کیمپ سے زلزلہ زدگان کے علاج ومعالجہ کیلئے ادویات حاصل کیں ۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے کہا کہ ایم کیو ایم کی خدمت کا مقصد صرف اور خدمت ہے ۔انہوں نے کہا کہ بنیادی مقصد زلزلہ سے متاثرہ افراد کی خدمت ہے اور اس عمل میں ایم کیو ایم تمام سماجی اداروں سے ہر ممکن تعاون کرتی رہے گی ۔

## کراچی کے پختونوں کو طالبانائزیشن کے خلاف بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، پی پی او سی

## طالبانائزیشن کے حوالے سے الطاف حسین کے بیانات کو لسانیت کے بجائے حقائق کی نظر سے دیکھنا چاہیئے

## کراچی کے پختونوں کو ہوش سے کام لینا چاہیئے اور طالبانائزیشن کے حوالے سے اپنے علاقوں میں کڑی نظر رکھنی ہوگی

کراچی۔۔۔3،نومبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کسی بھی قومیت کے خلاف نہیں ہے اور ملک کو طالبانائزیشن کے خطرے سے بچانے کی جدوجہد کررہی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سفاک طالبان شمالی علاقہ جات میں اپنی خودساختہ شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں اور اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے سفاک طالبان کی جانب سے بے گناہ شہریوں کو جانوروں کی طرح ذبح کیا جارہاہے،خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعہ قتل وغارتگری کا بازار گرم کیا جارہاہے،کراچی میں ڈکیتی اوراغواء برائے تاوان کی وارداتیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے انتہاء پسند طالبان کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کیا ہے وہ بالکل درست ثابت ہورہے ہیں اوراب مختلف اخبارات میں یہ رپورٹیں شائع ہورہی ہیں کہ کراچی میں طالبان کی سرگرمیوں میں تیزی آتی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال عوام بالخصوص کراچی میں بسنے والے پختونوں کیلئے بھی لمحہ فکریہ ہے اورانہیں بھی طالبانائزیشن کے خلاف اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم دشمن عناصر کراچی میں طالبانائزیشن کے خدشات لسانی رنگ دیکر پختون عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں جبکہ باشعور پختون عوام جانتے ہیں کہ ایم کیوایم کسی بھی قومیت کے خلاف نہیں ہے اور بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کی عملی خدمت اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم لسانیت سے بالاتر ہوکر عوام کی بلاامتیاز عملی خدمت کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆